# SSC(9$^{th}$)1$^{st}$ Annual 2024

رول نمبر---------(امیدوار خود لکھے)

اُردو (لازمی) | گروپ: پہلا | پرچہ: I | Code 5 0 2 5 | معروضی (iii) | نمبر: 15 | وقت: 20 منٹ

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر-1 **حصہ اوّل** SWL-1-24

| جز | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "قصائد" کا واحد ہے۔ | قصد | قاصد | قصیدہ | مقصد |
| .2 | چوپال میں موجود ہر کسی نے ماسٹر جی سے اُن کے نامولود بچوں کی خیریت دریافت کی۔ "نامولود" کا مطلب ہے۔ | جو ابھی پیدا نہیں ہوئے | نئے نئے پیدا ہونے والے بچے | جو ابھی دودھ پیتے ہیں | ماسٹر جی کی کلاس کے بچے |
| .3 | کسی شاعر نے بلبل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔ "نالہ وشیون" کا معنی ہے۔ | خوش الحانی | نغمگی | ندی نالے پر اُڑتے | رونا دھونا |
| .4 | مرزا غالب کی کس کتاب کے بہت سے شخصوں نے جواب لکھے۔ مگر مرزا غالب نے جواباً کچھ نہ لکھا۔ | قاطع برہان | عودِ ہندی | اُردوئے معلّٰی | مہرِ نیمروز |
| .5 | شیخ جمن کی خالہ کے مطابق پنچ کا حکم-----ہوتا ہے۔ | اللہ کا حکم | عدالت کا حکم | پنچایت کا حکم | ناقابل عمل |
| .6 | بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟ | اُن کی رخصت ختم ہو گئی تھی | آرام و سکون کے لیے | دفتر سے ٹیلی فون آگیا تھا | ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق |
| .7 | "دُدا" کا مطلب ہے۔ | بن بیاہی | بیاہی | کِھلائی | سُہاگن |
| .8 | "اُمید" کا متضاد ہے۔ | خوف | آس | یاس | پریاس |
| .9 | "برہان" کی جمع ہے۔ | براہن | بہران | بہرون | براہین |
| .10 | "فریبی" کی مؤنث ہے۔ | فریبن | فربہ | فربی | فربن |
| .11 | "ساتھی" کی مؤنث ہے۔ | سہیلی | ساتھن | ستھن | ستھائن |
| .12 | "آج بادل خوب برسا" کس ادبی اصطلاح کی مثال ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجازِ مُرسل |
| .13 | "قہرِ درویش، بر جانِ درویش" کے مصداق طالب علم آخری وقت تک کمرۂ امتحان میں بیٹھا رہا۔ اس ضرب المثل کا مطلب ہے۔ | بھکاری پر غصّہ نکالنا | درویشوں کو تنگ کرنا | اپنے آپ پر غصّہ نکالنا | فقیروں پر غصّہ نکالنا |
| .14 | "وہ لومڑی کی طرح چالاک ہے" میں مشترک صفت ہے۔ | مکار | لومڑی | چالاک | چالاکی |
| .15 | "کوئی امید بر نہیں آتی   کوئی صورت نظر نہیں آتی" میں ردیف ہے۔ | آتی | نہیں آتی | بر، نظر | بر نہیں آتی، نظر نہیں آتی |

07-124-1A-52000 ★★★

www.taleem360.com

رول نمبر__________________(امیدوار خود لکھے)

# SSC(9th)1st Annual 2024

| اُردو (لازمی) | گروپ: پہلا | پرچہ: I | انشائی | نمبر: 60 | وقت: 2:10 گھنٹے |
|---|---|---|---|---|---|

## حصہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) 6=2x3

SWL-1-24

### (حصہ نظم)

i. جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

ii. جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت ، یہی آرزو ہے

iii. بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں
جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

iv. ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

### (حصہ غزل) 4=2x2

i. میں بھی منھ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

ii. بلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

iii. کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر
میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

## حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 10=2x5

(الف) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کے دلی قویٰ کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔

(ب) طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے اور یہ کہ دو طرفہ طوفان کا حدودِ اربعہ ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔ علی بخش اس لیے ناخوش تھا کہ اسے دیہاتی کہا گیا تھا اور سلیم میاں اس بات پر برہم تھے کہ علی بخش کی غلطی کی وجہ سے امجد نے انہیں دیہاتی سمجھا ہو گا۔

(ورق اُلٹیے)

www.taleem360.com



4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ اجزا کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ کس شاعر کے بقول اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی؟

ii. الگو چودھری اور شیخ جمن کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

iii۔ اُلو کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

iv. فرمانِ امن کس نے لکھا اور کس چیز پر؟

v۔ مولانا الطاف حسین حالیؔ کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

vi. میر نے نیم باز آنکھوں کی مستی کو کیسا قرار دیا ہے؟

vii۔ صبا کہاں سے آتی ہے؟

viii. محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) آرام و سکون

6۔ نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

**یا**

ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں پڑھائی میں دقت ہونے کی وجہ سے موسیقی بند کرنے کی درخواست کیجیے۔

8۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ 5

**یا**

دُکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی دُرستی کیجیے۔ 5

i۔ بارش برس رہی ہے۔

ii۔ میری قلم کس کے پاس ہے۔

iii۔ شور نہ ڈالو۔

iv۔ آپ مری سے کب واپس لوٹیں گے؟

v۔ اُس کی صورت دیکھ کر ڈر آتا ہے۔

**یا** درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ زبانِ خلق کو ـــــ خدا سمجھو

ii۔ خدمت سے ــــــ ہے

iii۔ سوت نہ کپاس جولاہے سے ــــــ

iv۔ جس کی لاٹھی اُس کی ــــــــ

v۔ حساب جو جو، بخشش ــــــ

07-124-1A-52000

SWL-2-24 **SSC(9th)1st Annual 2024**

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود لکھے)

**اُردو (لازمی)** | گروپ: دوسرا | پرچہ: ا | Code 5 0 2 4 | معروضی (ii) | نمبر: 15 | وقت: 20 منٹ

نوٹ:- ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

## حصہ اوّل

سوال نمبر۔1

| جز۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "فریبی" کی مؤنث ہے۔ | فربن | فریبن | فریبیا | فرباء |
| .2 | سرسید احمد خان نے اُردو ادب میں کس صنف کو رواج دیا؟ | ناول | مضمون | ڈراما | افسانہ |
| .3 | اس کی پلکوں پر ستارے چمک رہے ہیں "ستارے" گرامر کی رو سے ہیں۔ | وجہ جامع | مستعار لہ | مستعار منہ | تشبیہ |
| .4 | کسی چیز کو کسی خاص وصف کی وجہ سے کسی دوسری چیز کی مانند یا اُس جیسا قرار دینا۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔ | کنایہ | استعارہ | مجاز مرسل | تشبیہ |
| .5 | "اب تو جاتے ہیں بُت کدے سے میرؔ   پھر ملیں گے اگر خدا لایا۔" یہ شعر ہے۔ | مقطع | ردیف | مطلع | قافیہ |
| .6 | ایسی نظم جس کا بند پانچ مصرعوں پر مشتمل ہو، کہلاتی ہے۔ | مخمس | رباعی | مسدس | ثالث |
| .7 | سبق "لہو اور قالین" میں اختر کا کردار ہے۔ | نوکر | سرمایہ دار | مصنف | مصوّر |
| .8 | ایسی شاعری جس کے لغوی معنی ہیں عورتوں سے باتیں کرنا یا عورتوں کی باتیں کرنا کہلاتی ہے۔ | نظم | نثر | غزل | کلیات |
| .9 | پہلے دن اسکول میں دیہاتی کا لباس کیا تھا؟ | پتلون اور شرٹ | کُرتا اور قمیض | شلوار قمیض | کُرتا اور تہمد |
| .10 | چائے چولھے پر دھری ہے۔ یہ جملہ مجاز مرسل کی کون سی قسم سے تعلق رکھتا ہے؟ | جز کہہ کر کل مراد لینا | مظروف کہہ کر ظرف مراد لینا | سبب کہہ کر سبب مراد لینا | ظرف کہہ کر مظروف مراد لینا |
| .11 | ردیف کے لغوی معنی ہیں۔ | سوار کے پیچھے بیٹھنے والا | سوار کے ساتھ بیٹھنے والا | سوار کے آگے بیٹھنے والا | سوار کے دائیں جانب بیٹھنے والا |
| .12 | "روضہ" کی جمع ہے۔ | روزے | رمضان | ریاض | ریاضی |
| .13 | لفظ "پکا" کا متضاد ہے۔ | پختہ | مکمل | ہموار | کچا |
| .14 | "بطخ" کا مذکر ہے۔ | بطخا | ابطحن | بطخی | بطخیا |
| .15 | "حکمت" کی جمع ہے۔ | حکیم | احکماء | حکم | محکوم |

08-124-1A-50000 ★★

www.taleem360.com

S.S.C(9th)1st Annual 2024

رول نمبر_____________(امیدوار خود لکھے)

اُردو (لازمی) | گروپ: دوسرا | پرچہ: I | انشائی | نمبر: 60 | وقت: 2:10 گھنٹے

SWL-2-24

## حصّہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصّہ نظم اور دو اشعار حصّہ غزل سے) 6=2x3

### (حصّہ نظم)

i. محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

ii. ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

iii. تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

iv. بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

### (حصّہ غزل) 4=2x2

i. میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اسی خانہ خراب کی سی ہے

ii. برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii. ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## حصّہ سوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 10=2x5

(الف) اگر ہم کو قوائے قلبی اور قوتِ عقلی کے کام میں لانے کا موقع نہیں ہے، تو ہم کو اس کی فکر اور کوشش چاہیے کہ وہ موقع کیوں کر حاصل ہو۔ اگر اُس کے حاصل کرنے میں ہمارا کچھ قصور ہے، تو اس کی فکر اور کوشش چاہیے کہ وہ قصور کیوں کر رفع ہو۔ غرض کہ کسی شخص کے دل کو بے کار پڑا رہنا نہ چاہیے، کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا لازم ہے۔

(ب) ہمارے نزدیک دیہاتی ہونا یا سمجھا جانا ایسی ناقابلِ برداشت قباحت نہ تھی، چنانچہ ہم نے ہنسی ہنسی میں دیہاتی پن کے فضائل بیان کرنا شروع کیے اور اس بلاغت کے ساتھ کہ سلیم اور علی بخش دونوں مسکرا دیے اور باہم راضی ہو گئے۔ باتوں باتوں میں ہم انھیں ایک دیہاتی کا قصہ سنانے لگے۔

(ورق الٹیے)

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ اجزا کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ بیرنگ خط سے کیا مراد ہے؟

ii۔ انسان کب حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے؟

iii۔ الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟

iv۔ لالے کے بے داغ اور گُل کے بے خار ہونے سے کیا مراد ہے؟

v۔ "اُس کا دل پتھر کی طرح سخت ہے"، اس میں مشبہ اور مشبہ بہ کی نشاندہی کیجیے۔

vi۔ بہادر شاہ ظفر نے اپنی کس بد نصیبی کا ذکر کیا ہے؟

vii۔ ماسٹر جی کو چائے کیسے پیش کی گئی؟

viii۔ بُلبُل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(i) ہجرتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ (ii) امتحان

6۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا خلاصہ / مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

7۔ ڈاکیے کی شکایت کے لیے پوسٹ ماسٹر کو درخواست لکھیے۔ **یا** 10

اپنے چچا کے نام خط لکھیے جس میں اپنی چچی کی مزاج پرسی کیجیے اور بیماری پر تشویش کا اظہار کیجیے۔

8۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے۔ **یا** 5

امتحان کی تیاری کے سلسلے میں دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ لکھیے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی دُرستی کیجیے۔ 5

i۔ غالب کا طوطا بولتا ہے۔

ii۔ چار کتابیں، تین کاپیاں، ایک قلم گم ہو گئے۔

iii۔ طبیعت نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

iv۔ ہم نے میلہ کو دیکھا۔

v۔ علی، حسن اور دانیال آیا۔

**یا** درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ بات کھٹائی میں--------

ii۔ باسی کڑھی میں---------

iii۔ آپ آئے-----------

iv۔ زبان خلق کو----------

v۔ جتنی چادر دیکھو---------

08-124-1A-50000

www.taleem360.com